امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز جمعرات 05 نومبر 2026 / 24 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 208

ایل پی جی مافیا کا دور ختم عام آدمی کو ریلیف دیں گے، وزیراعظم

ریفائنریز کو کہا قیمتوں کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالنے دیں گے، پیٹرول کی قیمتیں نہ بڑھانے پر وزیر پیٹرولیم اوران کی ٹیم کا مشکور ہوں بجلی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا، فیول سبسڈی دسمبر تک جاری رہے گی

ایل پی جی مافیا کا دور ختم، ایل پی جی امپورٹ کرکے عام آدمی کو ریلیف دیں گے، جو پیٹرول پمپس ریلیف پیکج پر پیٹرول نہیں دے رہے ان کیخلاف کارروائی کی جائے، شہباز شریف کا کابینہ اجلاس میں اظہار خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ عالمی امن واستحکام کے لئے پاکستان کی مخلصانہ کوششیں جاری ہیں، خطے میں باہمی تعاون بڑھانے کیلئے مکہ دفاعی معاہدہ کیا گیا، وزیراعظم نے ایل پی جی امپورٹ کرکے عام آدمی کو ریلیف دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایل پی جی مافیا کا دور ختم ہو چکا ہے، ایل پی جی امپورٹ کرکے عام آدمی کو ریلیف دیں گے، بجلی قیمتوں میں اضافے کا بوجھ عوام پر نہیں ڈالا، فیول سبسڈی دسمبر تک جاری رہے گی۔ بدھ کو کابینہ اجلاس سے خطاب میں وزیراعظم نے پیٹرول پمپس پر بے ضابطگیوں کا

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 2 پر)

وفاقی کابینہ کا اجلاس، 10 روپے کے نوٹ کی جگہ سکہ متعارف کرانے کی منظوری

اسلام آباد (اے این این) وفاقی کابینہ نے خیبر پختونخوا میں انتظامی امور کی سہل انجام دہی اور گورننس کو بہتر بنانے کیلئے ایک نئی ڈویژن کے قیام کی منظوری دیدی، کابینہ نے 10 روپے کے نوٹ کی جگہ سکہ متعارف کرانے کی منظوری دیدی، کابینہ نے ایف بی آر کی تنظیم نو کیلئے ایف بی آر ترمیمی ایکٹ 2026 کی منظوری دیدی، کابینہ نے ایف بی آر کی تنظیم نو کیلئے ایف بی آر ترمیمی آرڈیننس

بقیہ 1

ضلعی کی مزید بہتری کیلئے وزیراعلیٰ کو تبدیل شدہ اضلاع کے دورے میں ایسے افسر کی مدت کے دوران زور دیا کہ ضلع کی ترقی کیلئے کوئی دقیقہ نہیں چھوڑنا چاہئے، وفاقی کابینہ کے فیصلے کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا، وفاقی کابینہ نے نیسپر ہنٹنگ اینڈ ایکسپلوریشن لمیٹڈ کو گورنمنٹ ہولڈنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کے اختیارات کی صوبے میں ایسپر جنسی کی مدت کے دوران وزیراعظم کے امور کی انجام دہی کیلئے گورنمنٹ ہولڈنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کی منظوری دی۔

بقیہ 2

ٹوس لیتے ہوئے کہا کہ ابھی ہوائی ریفیلنگ کے لیے فیول 28 ارب روپے رکھے گئے، نیز مئی 2026 تک 2 ہزار کروڑ روپے کا فیول درآمد کیا جائے گا، دوسروں کے زیادہ فیول پر انحصار کرنے کے بجائے ہمیں اپنے وسائل سے ہر ممکن فیول حاصل کرنا چاہیے، ہمیں پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کو پیٹرول پمپس کو صرف بڑے شہروں کیلئے نہیں بلکہ ہمارے دیہی علاقوں کیلئے بھی سوچنا ہوگا، ہمیں پیٹرول پمپس کو ہر 50 کلومیٹر کے فاصلے پر ہونا چاہیے، دنیا میں تیل کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں، گزشتہ جمعہ پیٹرول کی قیمت میں 15 روپے اضافہ ہوا تھا، تاہم اس معاملے پر وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک اور ان کی ٹیم نے جو کاوشیں کی ہیں اس کے نتیجے میں آج پیٹرول کی قیمت میں 12 روپے کمی کی گئی ہے، ہم نے ڈیزل کی قیمت کو بھی کنٹرول کیا ہوا ہے، ڈیزل کی قیمت 400 روپے فی لیٹر ہونی تھی، ہم نے اس کو 381 روپے پر برقرار رکھا ہوا ہے، ہم نے ڈیزل کی قیمت کو 19 روپے کم کیا ہے، ہم نے کوشش کی ہے کہ عالمی مارکیٹ اور قیمتوں کے دباؤ کے باوجود عام آدمی کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے، ایل پی جی کے حوالے سے وزیراعظم نے کہا کہ اس کی درآمد مارکیٹ میں مناسب ہے، کیونکہ مقامی ایل پی جی کی فروخت سے حاصل ہونے والا منافع حکومت کے خزانے میں آئے گا، اس لئے ہم کوشش کریں گے کہ ایل پی جی کو فروغ دیا جائے گا، انہوں نے کہا کہ اس مقصد کیلئے طریق کار تیار کرلیا گیا ہے۔ وزیراعظم نے سردیوں میں توانائی کی ضروریات پوری کرنے کے حوالے سے کہا کہ حکومت ایل پی جی، ایل این جی اور توانائی کے دیگر ذرائع کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مسلسل اجلاس اور مشاورت کر رہی ہے، انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ حکومت پاکستان ریلوے کو بجلی کا ذریعہ بنانے کی فراہمی منتقل کرنے کے لیے بھی کام کر رہی ہے، اس سلسلے میں وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے ریلوے کو بجلی کے ذریعے چلانے کا فیصلہ کیا ہے، ہم نے ریلوے کے 3 روٹس پر کام شروع کر دیا ہے،

امرءالمعروف و نہی عن المنکر — اجمالی کی طرف اطلاع کرنا ہو رہا ہے
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

افغان طالبان کو وارننگ

پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ طالبان رجیم نے دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کی بات نہ مانی تو ا؟ سے بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست ہے جبکہ افغان طالبان حکومت بھارتی پراکسی کے طور پر کام کر رہی ہے۔ ا؟ن کا کہنا تھا کہ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) دونوں پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسیاں ہیں۔ پاکستان کا افغان طالبان سے واضح مطالبہ ہے کہ وہ اپنی سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی کی حمایت بند کرے۔ عالمی خبر رساں ادارے کو دیے گئے انٹرویو میں جنرل چودھری نے مزید کہا کہ افغان طالبان اپنے مقاصد کے حصول کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجوؤں کو استعمال کر رہے ہیں، وہاں اب بھی غیر ریاستی عناصر کا اثر و رسوخ موجود ہے، افغانستان میں ماضی میں روسی مداخلت کے بعد متعدد خفیہ ایجنسیوں اور پراکسی تنظیموں نے اپنی جڑیں مضبوط کر رکھی ہیں۔ جیش العدل، القاعدہ اور داعش خراسان (آئی ایس کے پی) جیسی بین الاقوامی دہشت گرد تنظیمیں افغانستان میں موجود ہیں اور اِس کی نشاندہی اقوام متحدہ اور امریکہ سمیت کئی ممالک کر چکے ہیں۔ اُنہوں نے الزام عائد کیا کہ افغان طالبان رجیم نے نورولی محسود، بشیر زیب اور گل بہادر جیسے دہشت گردوں کو پناہ دے رکھی ہے، پاکستان میں دہشت گردی کی کارروائیوں کے لیے تشکیلیں افغانستان سے آتی ہیں اور ا؟ نہیں وہیں سے اسلحہ بھی فراہم کیا جاتا ہے پاکستان کا افغان طالبان سے مطالبہ انتہائی سادہ اور واضح ہے کہ وہ اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہونے سے روکیں اور دہشت گرد عناصر کی سرپرستی بند کریں، وہ اگر اِن تحفظات کو سنجیدگی سے نہیں لیتے اور دہشت گردی کے خلاف مطلوبہ اقدامات نہیں کرتے تو اِس کے سنگین نتائج بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے یہ بھی کہا کہ افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں ہے، عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ افغان رجیم کو ایک معمول کی ریاست کی طرح ذمہ دارانہ طرزِ عمل اختیار کرنے پر مجبور کرے، افغان طالبان پر دباؤ ڈالے کہ وہ منشیات کی کاشت اور پیداوار کا سلسلہ بھی بند کریں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہماری افواج افغانستان کی طرف سے لاحق ڈرون حملوں سمیت تمام ممکنہ خطرات کا مقابلہ کرنے اور ا؟ن کا مؤثر سدباب کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہیں۔ امریکی وزیرِ خارجہ مارکو روبیو نے اٹلانٹا میں جی ٹوئنٹی وزرائے خارجہ اجلاس کے اختتام پر خطاب کرتے ہوئے اتوار کو کہا تھا کہ افغانستان سے ہونے والے دہشت گرد حملوں پر پاکستان تشویش کا اظہار کر رہا ہے، امریکہ نہیں چاہتا کہ پاکستان دہشت گردی کا نشانہ بنے۔ ترجمان دفترِ خارجہ نے اس بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ افغانستان کیساتھ مذاکرات میں سہولت کاری کیلئے امریکہ سمیت تمام دوست ممالک کی مخلصانہ کوششوں کا پاکستان خیر مقدم کرے گا۔ ترجمان کے مطابق بامعنی مذاکرات کے لیے ضروری ہے کہ افغان طالبان حکام اِس بات کا واضح عزم کریں کہ وہ اپنی سرزمین سے سرگرم دہشت گرد گروہوں کیخلاف ٹھوس کارروائیاں کریں گے۔ افغان سرزمین سے سرگرم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی)، فتنہ الخوارج، بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے)، فتنہ الہندوستان اور دیگر دہشت گرد گروہوں کے خلاف طالبان رجیم کو قابلِ تصدیق کارروائی کرنا ہوگی، پاکستان تعمیری روابط کیلئے بدستور تیار ہے تاہم اِن روابط کے نتیجے میں جائز سکیورٹی خدشات دور کرنے کیلئے عملی اور ٹھوس پیشرفت ہونا ضروری ہے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کانفلِکٹ اینڈ سکیورٹی سٹڈیز (پکس) کی سالانہ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں دہشت گرد حملوں کی تعداد 2024ء میں 908 تھی جن میں 1,177 افراد جاں بحق اور 1,292 زخمی ہوئے جبکہ 2025ء میں یہ تعداد بڑھ کر 1,066 ہوگئی یعنی ان میں قریباً 17 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ اِسی عرصے کے دوران مجموعی پ؟ رتشدد واقعات میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 2024ء کے 1,950 سے بڑھ کر 2025ء میں 3,413 ہوگئی جو کم و بیش 75 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہے۔ اِن واقعات میں سکیورٹی اہلکاروں کی ہلاکتیں 528 سے بڑھ کر 667، عام شہریوں کی ہلاکتیں 468 سے بڑھ کر 580 اور دہشت گردوں کی ہلاکتیں 951 سے بڑھ کر 2,138 ہوگئیں جبکہ زخمیوں کی مجموعی تعداد بھی 1,478 سے بڑھ کر 2,270 ریکارڈ کی گئی۔ افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے حوالے سے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی مانیٹرنگ ٹیم نے فروری 2025ء کی رپورٹ میں بتایا تھا کہ جولائی سے دسمبر 2024ء کے دوران تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) نے 600 سے زائد حملے کیے جن میں افغان سرزمین سے کیے جانے والے حملے بھی شامل تھے۔ رپورٹ میں افغانستان میں ٹی ٹی پی کی موجودگی کے علاوہ ا؟ سے حاصل لاجسٹک اور عملی معاونت کا بھی ذکر کیا گیا تھا۔ دسمبر 2025ء میں جاری ہونے والی اقوامِ متحدہ کی سولہویں مانیٹرنگ رپورٹ میں بھی افغانستان میں ٹی ٹی پی سمیت دیگر دہشت گرد تنظیموں کی موجودگی کو علاقائی سلامتی کے لیے تشویشناک قرار دیا گیا تھا۔ پاکستان کی وزارتِ خارجہ کی جانب سے 28 دسمبر 2025ء کو اقوامِ متحدہ کے سامنے پیش کیے گئے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی صوبائی حکومت دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائی سے گریزاں رہی جس کا خمیازہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی بڑھتی ہوئی شہادتوں کی صورت میں بھگتنا پڑا۔ وفاقی حکومت کے مطابق صوبائی حکومت کی طرف سے مطلوبہ تعاون نہ ملنے کے باعث خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کرنے کی ضرورت پیش آئی۔

غیر جانبدار الیکشن کمشن اور شفاف انتخابات کی ضرورت!

چند روز قبل پارلیمان کے در و دیوار نے ایک بار پھر میثاقِ جمہوریت کی بازگشت سنی جس نے سیاسی استحکام کے اس دیرینہ سوال کو دوبارہ لا کھڑا کیا ہے جس کا جواب پچھلی کئی دہائیوں سے

ندیم اختر ندیم

تشنہ ہے بلاشبہ اقتدار کے حریفوں کا ایک چھت تلے بیٹھنا اور بقائے باہمی کے اصولوں پر سر جوڑنا ایک دلفریب منظرنامہ ہے، مگر تلخ زمینی حقائق اس سراب کی گواہی نہیں دیتے سوال یہ ہے کہ کیا ہمارے سیاسی چمن کی ہوا اس اساطیری معاہدے کے موافق بھی ہے یا نہیں حقیقت کا کڑوا سچ یہ ہے کہ جب تک ہمارا نظامِ انتخاب شکوک و شبہات کی گرد سے پاک مکمل غیر جانبدار اور شفافیت کا آئینہ دار نہیں بن جاتا جب تک سیاسی کھلاڑیوں میں شکست کو خندہ پیشانی سے قبول کرنے اور فتح کو عاجزی سے سنبھالنے کا ظرف پیدا نہیں ہوتا تب تک میثاقِ جمہوریت اقتدار کے شوکیس میں سجا ہوا محض ایک بے جان کاغذ کا ٹکڑا ہی رہے گا ہمارے ہنگامہ خیز سیاسی نگر میں جمہوریت کا المیہ یہ رہا ہے کہ ابھی بیلٹ باکس سے نتائج پوری طرح برآمد بھی نہیں ہوتے کہ ہارنے والا فریق مینڈیٹ کی چوری کا نوحہ پڑھتے ہوئے سڑکوں کا رُخ کر لیتا ہے، دوسری طرف مسندِ اقتدار پر متمکن ہونے والوں کا دامن بھی اتنی وسعت سے محروم دکھائی دیتا ہے کہ وہ حریفوں کو ساتھ لے کر چل سکیں جب تک انتخابی عمل میں پسِ چلمن مداخلت کے سائے فارم 45 اور فارم 47 کے تماشے اور عوامی رائے کی حرمت پر اٹھتے سوالات ہمیشہ کے لئے دفن نہیں کر دیے جاتے جمہوریت کی یہ خستہ حال گاڑی پٹری پر نہیں چڑھ سکتی اگر ہمارے مقتدر رہنما واقعی اس نظام کے ساتھ مخلص ہیں تو انہیں لفظی شعبدہ بازیوں سے نکل کر ایک خودمختار غیر جانبدار الیکشن کمیشن کی تشکیل اور بنیادی انتخابی اصلاحات کی مٹی گوندھنا ہوگی ورنہ تاج و تخت کی اس رسہ کشی میں عوام کے حقوق کی پامالی کا یہ تماشہ یونہی چلتا رہے گا اور جمہوریت کا ناتواں پودا سوکھ کر کانٹا ہو جائے گا۔

پاکستان اس وقت تاریخ کے جس سیاسی معاشی اور انتظامی گورکھ دھندے میں پھنسا ہوا ہے اس کی ہولناک مثال ملک کی ستر سالہ تاریخ کے اوراق میں شاذ و نادر ہی ملتی ہے وفاقی دارالحکومت کی شاہراہوں اور ایوانوں میں روزانہ اقتدار کی شطرنج پر نئے مہرے چلے جاتے ہیں راتوں رات اتحاد بنتے اور ٹوٹتے ہیں اور نئے بیانیوں کے رنگ محل تعمیر کیے جاتے ہیں مگر اس سیاسی بازی گری اور تماشے کے درمیان اگر کوئی واقعی پِس رہا ہے تو وہ مفلوک الحال عام شہری ہے موجودہ فضا کی سچی تصویر صرف ایک جملے میں اتاری جا سکتی ہے کہ سیاست دانوں کو اپنی کرسی بچانے کی فکر ہے اور غریب کو دو وقت کی روٹی بچانے کی، سوچنے کا مقام یہ ہے کہ کیا اس ملک کے اصل مسائل بس یہی ہیں کہ کس کا بیانیہ معتبر ٹھہرا اور کس کا سیاسی مستقبل تاریکی سے محفوظ ہوا، سیاسی اُفق پر نگاہ دوڑائی جائے تو تلخی دشنام طرازی اور عدم برداشت کا زہر رگ و پے میں سرایت کر چکا ہے مکالمے کا شائستہ موسم رخصت ہو چکا ہے اور پارلیمان، جو کبھی عوامی اُمنگوں کا مقدس اور معتبر ایوان ہوا کرتی تھی اب محض الزام تراشیوں دشنام طرازی اور ہنگامہ آرائی کا اکھاڑہ بن چکی ہے اپوزیشن کی راتیں حکومت گرانے کے خواب بنتے گزرتی ہیں تو حکومت کی تمام تر توانائیاں اپوزیشن کو دیوار سے لگانے کے نسخے تیار کرنے میں صرف ہو رہی ہیں اس سیاسی تصادم نے ریاستی اداروں کے وقار کو پامال اور ان کی کارکردگی کو معذور کر کے رکھ دیا ہے آئین کی بالادستی اور جمہوری اقدار کے راگ اب محض تقریروں کی زینت ہیں جبکہ عملاً ہر فریق اپنے ذاتی اور گروہی مفادات کی فصیلیں اونچی کرنے کی جنگ میں مصروف ہے معاشی محاذ کا حال یہ ہے کہ ہوش ربا مہنگائی نے عام آدمی کی ریڑھ کی ہڈی توڑ دی ہے۔ بجلی کے خونی بلوں گیس کی گرانی نایابی اور پٹرول کی قیمتوں کے مسلسل تازیانوں نے متوسط اور غریب طبقے سے جینے کی رمق بھی چھین لی ہے سفید پوش طبقہ اپنی عزتِ نفس کی آخری رمق بچانے کی سسکتی ہوئی لڑائی لڑ رہا ہے معاشی حکیم جتنی مرضی تاویلات گھڑ لائیں اور ترقی کے اعداد و شمار کے جادوئی قلعے تعمیر کر دکھائیں حقیقتِ حال یہی رہے گی کہ جب تک ان دعووں کے ثمرات ایک عام شہری کے آنگن تک نہیں پہنچتے یہ تمام اعدد و شمار محض کاغذی پیٹ بھرنے کے مترادف ہیں آئی ایم ایف کی جابرانہ شرائط اور بیرونی قرضوں کے طوق نے ملک کی معاشی خودمختاری پر جو سنگین سوالیہ نشان ثبت کر دیئے ہیں، اس کا سارا زہر صرف اور صرف غریب عوام کے حلق میں اتارا جا رہا ہے حکمرانوں اور سیاسی ناخداؤں کو یہ نوشتہء دیوار پڑھنا ہوگا کہ اب عوام کے صبر کا پیمانہ چھلکنے کے قریب ہے تاریخ کا بے لاگ سبق ہے کہ جب معاشی ناہمواری اور سیاسی ناانصافی حدِ اعتدال سے گزر جائے تو عوامی غیظ و غضب پورے جمہوری ڈھانچے کو تنکے کی طرح بہا لے جاتا ہے آج ہماری نوجوان نسل مایوسی کے اندھیروں میں بھٹک رہی ہے ڈگری ہولڈرز ہاتھوں میں اسناد لئے روزگار کی تلاش میں در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں اور ملک کا ذہین و فطین طبقہ یہاں سے ہجرت کر جانے کو ہی واحد عافیت سمجھ رہا ہے یہ برین ڈرین کسی بھی قوم کے مستقبل کا سب سے بڑا معاشی اور سماجی دیوالیہ پن ہے مگر افسوس کہ ہمارے پالیسی سازوں کی ترجیحات کی دھند میں اس سنگین مسئلے کا مداوا دور دور تک دکھائی نہیں دیتا۔

موجودہ نازک ترین حالات کی پکار ہے کہ تمام سیاسی دھارے اقتدار کی ہوس اور ذاتی انا کے بتوں کو پاش پاش کر کے ایک میز پر یکجا ہوں وقت کا سب سے بڑا تقاضا یہی ہے کہ میثاقِ معیشت اور میثاقِ جمہوریت کے بنیادی اصولوں کو نئے سِرے سے زندہ کیا جائے ریاست کسی ایک گروہ یا جماعت کی جاگیر نہیں یہ اس کے تمام شہریوں کا سانجھا آنگن ہے جب تک تمام اداروں کو ان کی آئینی حدود میں کام کرنے کی آزادی نہیں دی جائے گی اور شفافیت کا علم بلند نہیں ہوگا، تب تک سیاسی و معاشی استحکام محض دیوانے کا خواب ہی رہے گا۔

پاکستان۔ خیال سے کمال تک

تاریخ کے جھروکوں اور ان جھروکوں کی اپنی ایک خاص اہمیت ہے۔ ان میں جھانک کر دیکھنا ضروری ہے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ ان جھروکوں میں جھانکنا منع ہو اور ایسا کرنے سے جھٹکا، بلکہ وولٹ 420 کا جھٹکا لگنے کا خطرہ ہو؟ انسان ساخت کے اعتبار سے بڑا ہی مختلف ہے۔ یہ تھوڑا کسی سے ڈرتا ہے! ویسے بھی اسے صرف اپنے رب سے ڈرنا

شفقت اللہ مشتاق

چاہئے اور باقی ساری مخلوق کو اس انسان نے ڈرانا ہے۔ واقعتاً ایسا نہیں ہے۔ انسان انسان میں فرق ہوتا ہے۔ کچھ انسان تو مذکورہ صفت سے متصف ہوتے ہیں، جبکہ بعض میرے جیسے بھی ہیں جن کے ہاں اَن ہونا سا خوف پایا جاتا ہے، حالانکہ اَن ہونی ہو کر رہتی ہے اور دنیائے رنگ و بو کا سارا نظام امکانات کی بنیاد پر قائم ہے۔ یہاں کچھ بھی ہو سکتا ہے، لہٰذا ڈر کس بات کا ہے؟

انسان کو بہرحال چوکنا اور محتاط رہنا پڑتا ہے تاکہ تدبیر کے پہلو کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنا کردار ادا کرے اور آگے بڑھتا جائے۔ دنیا ویسے بھی ہوشیار لوگوں کی ہے۔ سست اور نکمے لوگ تو پھر اِدھر اُدھر دیکھ کر کبھی ہنستے ہیں اور کبھی روتے ہیں، یا پھر لمبی تان کر سو جاتے ہیں۔ سونے والے محض خواب دیکھتے ہیں، تاہم ذی ہوش لوگ پہلے خواب دیکھتے ہیں اور پھر انہیں حقیقت کا روپ دینے کے لئے کمر کس لیتے ہیں۔ ایک وقت ایسا آتا ہے جب ان کے خواب شرمندہء تعبیر ہو جاتے ہیں۔

راقم الحروف تاریخ کا طالب علم ہے اور تاریخ کے جھروکوں میں جھانکنے کا مجھے بھی چسکا ہے۔ تاریخ کی کتابوں میں بھی خاصی ورائٹی ہے۔ کچھ کتابیں تو جہاں پناہ نے اپنی خصوصی نگرانی میں قلم بند کروائی ہیں۔ ویسے ایسی کتابیں اکثر و بیشتر وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ڈبوں میں بند ہو جاتی ہیں اور تشنگانِ علم انہیں دور سے دیکھ کر ہی کہتے ہیں: قالوا سلاماً۔ ہاں، تاریخ کے ایسے مسودے بھی موجود ہیں جو ہر دور کے بارے میں دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی کر دیتے ہیں۔ یوں اصل حقائق کھل کر سامنے آتے ہیں اور آنے والی نسلوں کو پیغام دینے کے ساتھ ساتھ دعوت فکر بھی دیتے ہیں۔ یہ کتابیں قارئین کی آنکھوں پر لگے غفلت، سست روی، جہالت اور اس نوعیت کے کئی دوسرے جالے صاف کر دیتی ہیں۔ یوں قاری صاحبِ بصارت ہو جاتا ہے اور اگر اس کے مطالعے میں تسلسل ہو تو صاحبِ بصیرت ہونے کا بھی امکان پیدا ہو جاتا ہے۔

ہم نے تاریخ کے جھروکوں میں جھانکنے کی پوری کوشش کی اور کافی حد تک حقائق سے بھی آگاہ ہوئے۔ تاہم نظریہ ضرورت کی بھی ایک تاریخ ہے۔ اس تاریخ کے دہرائے جانے کا امکان تو موجود ہے، لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا ہم نظریہ ضرورت کی اس تاریخ کا دروازہ مستقل طور پر بند کر سکتے ہیں، یا پھر ناممکنات کی بھی کوئی اہمیت ہے اور بجز خاموشی کے ہمارے پاس کوئی دوسرا آپشن نہیں؟ مختصر مگر جامع بات یہ ہے کہ ہم تاریخ کے جھروکوں میں جھانکنے کا پورا حق رکھتے ہیں۔

گزشتہ دنوں معروف کالم نگار اور دانشور مجیب الرحمٰن شامی نے یونیورسٹی آف لاہور میں ایک لیکچر دیا۔ اس کا موضوع تھا: ''پاکستان: خیال سے کمال تک''۔ موضوع اپنی اہمیت کے اعتبار سے منفرد اور عصرِ حاضر کی ایک اہم ضرورت ہے۔ نوجوان نسل، جو سرتاپا جنون ہی جنون سے بھری ہوئی ہے، اس کی تربیت ہماری اولین ترجیح ہونی چاہئے۔ بصورت دیگر جنون کا اگلا مرحلہ مجنوں ہونا بھی ہو سکتا ہے۔

انہوں نے گفتگو کا آغاز محمد بن قاسم سے کیا اور یہ وضاحت کی کہ ہندوستان میں مسلمانوں کی باقاعدہ حکومت 206 ایک غیر اعلیٰ حکمران کی شان میں قصیدے پڑھے جاتے رہے اور یوں 857 میں مسلمانوں کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا۔ مسلمان مجرم ٹھہرے، انگریز مطلق العنان حکمران بن گئے اور ہندوؤں کو کھل کر کھیلنے کا موقع مل گیا۔ مزید یہ کہ انگریز حکومت نے باقاعدہ مردم شماری بھی کروا دی۔ ہندو اٹھارہ کروڑ اور مسلمان پانچ کروڑ تھے۔ مسلمانوں پر ایک نئی آفت آن پڑی۔ اپنے ہی ملک میں اقلیت اور محکوم قوم کی حیثیت اختیار کر گئے۔ ہندو اکثریت کے مقابلے میں مسلمان اپنی سیاسی و سماجی حیثیت کے حوالے سے تشویش میں مبتلا ہو گئے۔ ہم سب سر پکڑ کر بیٹھ گئے۔

ایسے میں سر سید احمد خان کی پختہ سوچ اور مسلمان قوم کی تنظیم نو کا خیال سامنے آیا۔ حضرت علامہ محمد اقبال ؟ کی پُرجوش شاعری اور ایک علیحدہ ریاست کے قیام کا تصور اُبھرا۔ اس کے بعد قائداعظم محمد علی جناح ؟ کی جہدِ مسلسل نے اس تصور کو عملی جدوجہد میں بدل دیا۔ یوں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بات خیال سے کمال تک جا پہنچی اور 14 اگست 1947ء کو پاکستان معرضِ وجود میں آ گیا۔

یہ ایک طویل داستان ہے جو 712 سے شروع ہوتی ہے اور 1947ء میں پاکستان کا سبز ہلالی پرچم فضا میں لہراتا ہے۔ فضا اللہ اکبر کے نعروں سے گونج اٹھتی ہے۔ مذکورہ داستان آج کے دور کا ایک اہم موضوع ہے اور یونیورسٹی آف لاہور نے اس موضوع پر مجیب الرحمٰن شامی جیسی سنجیدہ اور عصرِ حاضر کی قدآور شخصیت کو مدعو کر کے ایک اہم فریضہ انجام دیا۔

آج کی نوجوان نسل کے سامنے ''پاکستان: خیال سے کمال تک'' کی پوری کہانی، بلکہ اس کے تمام خدوخال واضح کرنا ایک انتہائی اہم ضرورت ہے۔ یہ بات بھی ان پر واضح ہونی چاہئے کہ ہمیں مستقبل میں کس طرح آگے بڑھنا ہے، ہمارا آئندہ لائحہ عمل کیا ہونا چاہئے اور ہماری موجودہ صورتِ حال کیا ہے۔ ہمارے باہمی اختلافات، غیروں کی ریشہ دوانیاں اور بین الاقوامی صورتِ حال، یہ

پنجاب حکومت اور پرویز رشید

چند برس پہلے پاکستان ٹیلی ویژن

ڈاکٹر فوزیہ تبسم

لاہور میں فریدہ خانم ملکہ غزل کی سالگرہ بہت دھوم دھام سے منانے کا اہتمام کیا گیا تھا اس زمانے میں پرویز رشید منسٹر انفارمیشن کلچر تھے۔ پاکستان ٹیلی ویژن کے اس پروگرام کے مہمان خصوصی پرویز رشید تھے۔ فریدہ خانم جی کے اعزاز میں پہلی بار پی ٹی وی میں ایک پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا تھا اس میں نامور ادیب، شاعر، گلوکاروں اور فلمسٹارز شخصیات کو مدعو کیا گیا تھا۔ خوش قسمتی سے راقم بھی فریدہ خانم اور پی ٹی وی کی دعوت پر وہاں موجود تھی۔ فریدہ خانم کو بڑے اعزاز کے ساتھ سٹیج پر لے جایا گیا فریدہ جی سفید ساڑھی میں ملبوس بہت خوبصورت لگ رہی تھیں، وہاں سفید اور سرخ رنگ کا خوبصورت کیک کاٹنے کی تیاری ہو رہی تھی اتنے میں پی ٹی وی سٹوڈیو میں پرویز رشید مسکراتے ہوئے کچھ لوگوں کے ساتھ داخل ہوئے۔ سب نے کھڑے ہو کر تالیوں کے ساتھ ان کا استقبال کیا اور وہ سیدھے سٹیج پر جا کر بالمشافہ فریدہ خانم سے بڑی محبت اور گرمجوشی سے ملے اور یوں ہپی برتھ ڈے اور تالیوں کی گونج میں فریدہ خانم اور پرویز رشید نے ان کی سالگرہ کا کیک کاٹا۔ انہوں نے مہمانوں کے پُرزور اصرار پر غزل کے چند اشعار بھی سنائے ان کی نظر مجھ پر پڑی تو مجھے اپنے پاس بلایا اور ساتھ کھڑے منسٹر پرویز رشید صاحب سے میرا تعارف کروایا کیونکہ انہوں نے اس وقت صوفی تبسم کی غزل کے چند اشعار ہی گا کر سنائے تھے۔ پرویز رشید مسکرائے اور صوفی تبسم کی بچوں کی نظمیں ایک تھا لڑکا ٹوٹ بٹوٹ سنانے لگے اور صوفی تبسم کی شخصیت کو بہت خوبصورت الفاظ میں یاد کرنے لگے۔ ماشاء اللہ کہہ کر مجھے اپنے ساتھ والی کرسی پر بیٹھنے کو کہا پھر انہوں نے میرے ساتھ صوفی تبسم کی شاعری اور پاکستان کے لئے ان کی خدمات کو سراہا اور کہا کہ ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

پرویز رشید سے مل کر احساس ہوا کہ وہ نہایت خوش مزاج شخصیت کے مالک ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ جب تک وزیر اطلاعات و نشریات رہے اپنے فرائض نہایت تندہی اور خوبصورتی سے سرانجام دیتے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ میاں نواز شریف صاحب نے ان کو وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ساتھ ان کا ایڈوائزر تعینات کیا وہ ان کے تجربات و مشاہدات سے رہنمائی حاصل کر رہی ہیں اور مکمل طور پر استفادہ کر رہی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اپنے تمام تر کام، اصلاحات کو بہتر طریقے سے سرانجام دے رہی ہیں۔ پرویز رشید کا تعلق قصور سے ہے اور مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنماؤں میں ان کا شمار ہوتا ہے وہ مسلم لیگ (ن) کے بُرے وقتوں میں بھی ہمیشہ ان کے ساتھ رہے۔ ماضی میں میاں نواز شریف نے ہمیشہ انہیں بہترین عہدوں پر فائز کیا۔ جن میں چیئرمین پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات، وزیر قانون و انصاف و انسانی حقوق کا اضافی چارج اور چیئرمین سینٹ قائمہ کمیٹی برائے مواصلات بھی رہے۔ ان سب شعبوں میں پرویز رشید کی بہترین کارکردگی کی وجہ سے آج وہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ پنجاب میں مریم نواز کے ترقیاتی منصوبوں پر بڑی تیزی سے کام ہو رہا ہے جن میں میانوالی میں مریم نواز میڈیکل کالج اینڈ ٹیچنگ ہسپتال اور ڈی جی خان میں کلثوم نواز کینسر ہسپتال کے قیام کی منظوری ایک بہت بڑا قدم ہے اس طرح خوشحال دیہات ایکٹ 2026ء۔ مثالی گاؤں منصوبہ اگر پنجاب میں دیہات خوشحال اور وہاں سہولیات میسر ہو جائیں گی تو دیہات سے شہروں میں آنے والے لوگوں کا رش بھی ختم ہو جائے گا۔ خاص طور پر غیر تعلیم یافتہ اور معاش کی تلاش میں آنے والے لوگوں کا لاہور میں آ کر آباد ہونے کا رجحان بھی کم ہو جائے گا۔ اس طرح لاہور کی سڑکوں پر ان لوگوں کی ٹریفک کا لوڈ کم ہوگا اور ٹریفک کا نظام خود بخود بہتر ہونا شروع ہو جائے گا۔ اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کی داد دینا پڑتی ہے کہ وہ پنجاب کے عوام کی خدمت کرنا چاہتی ہیں اور ایک عام آدمی کو ہر طرح کی سہولتوں سے آراستہ بھی کرنا چاہتی ہیں۔ اس وقت ان کی ٹیم میں شامل تمام سرکاری افسر بھی وزیر اعلیٰ کے شانہ بشانہ شبانہ کام کر رہے ہیں جن میں چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان، سیکرٹری انفارمیشن سید طاہر رضا ہمدانی، وزیر قانون رانا اقبال، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری، سینئر وزیر مریم اورنگزیب وغیرہ تمام شخصیات وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ساتھ دن رات کام کر رہے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز کا نظریہ یہ ہے کہ ہماری سیاحت کو مکمل طور سے بحال ہونا چاہیے جس کیلئے وہ آج کل اندرون شہر (City Wall) کی خوبصورتی کو بحال کرنا چاہتی ہیں جو ہمارا قدیم ورثہ ہے۔ اندرون شہر کے تمام گڈز اور ٹرانسپورٹ کے اڈوں کو شہر سے باہر لے جانے پر کام کر رہی ہیں، اگر یہ اڈے شہر سے باہر چلے جائیں گے تو اندرون شہر کی بے ہنگم ٹریفک بھی ٹھیک ہو جائے گی اب اکثر لوگ اندرون شہر کسی کام پر جانے سے بہت کتراتے ہیں۔ وہاں اکثر گھنٹوں ٹریفک بند رہتی ہے۔ اب اندرون شہر کا سیوریج نظام بھی ٹھیک کیا جا رہا ہے۔ وہاں بڑی پائپ لائن ڈالنے کا کام شروع ہو چکا ہے جس سے وہاں ڈرینج سسٹم بھی ٹھیک ہو جائے گا اور کھلی، بدبودار سیوریج نالیوں کا بچھا جال ختم ہو جائے گا ایسا لگتا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز اندرون شہر (CityWall) کو ترکی کے شہر استنبول کے طرز پر بنانا چاہ رہی ہیں۔ وہاں کے کچھ حصے پر گھروں کو مٹی کی لپائی بھی کی جا رہی ہے تاکہ اس کو مغلیہ طرز پر بحال کر دیا جائے جیسا کہ ترکی میں Spice Bazar کی طرح اکبری منڈی کو خوبصورت بنایا جا رہا ہے تاکہ آنے والے سیاح وہاں سے خرید و فرخت کر سکیں۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ مریم نواز اندرون شہر لاہور سمیت پورے شہر کو نکھارنے کے مشن پر کاربند ہیں اور لاہور کا نقشہ آہستہ آہستہ بدل رہی ہیں۔

عوام نے تقسیم کے بجائے اتحاد کی سیاست کا پیغام دیا، باراک اوباما

امر بالمعروف ونھی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:- محمد عمر

نیویارک (اے این این) سابق امریکی صدر باراک اوباما نے امریکی انتخابی نتائج پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوام نے تقسیم کے بجائے اتحاد کی سیاست کا پیغام دیا۔اپنے بیان میں باراک اوباما کا کہنا تھا کہ عوام ایسی سیاست چاہتے ہیں جو تقسیم کے بجائے لوگوں کو متحد کرے،عوام چاہتے ہیں رہنما درپیش مسائل کا عملی حل پیش کریں۔انہوں نے کہا کہ ملک کے ہر خطے سے بہترین امیدوار سامنے آئے، ہر امیدوار مختلف سیاسی نظریات اور پس منظر کی نمائندگی کرتا ہے، امیدواروں نے عوامی خدمت اور اپنے حلقوں کے مفادات کو ترجیح دینے کا عہد کیا۔سابق

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

مقامی سکھ اور ہندو یاتریوں کے لیے 2 خصوصی ٹرینوں کا شیڈول جاری

پاکستان ریلوے ہر سال کی روایت برقرار رکھتے ہوئے یاتریوں کو سفری سہولیات فراہم کرے گا

لاہور(جی این ایم) پاکستان ریلوے نے مقامی سکھ اور ہندو یاتریوں کے لیے 2 خصوصی ٹرینوں کا شیڈول جاری کر دیا۔ترجمان ریلویز کے مطابق ننکانہ صاحب میں سالانہ مذہبی تقریبات میں شرکت کے لیے خصوصی ٹرینیں چلانے کا فیصلہ کیا گیا۔پہلی سکھ اسپیشل ٹرین 20 نومبر کو حیدر آباد سے ننکانہ صاحب اور دوسری اسپیشل ٹرین 25 نومبر کو ننکانہ صاحب سے حیدر آباد کے درمیان چلائی جائے گی جبکہ 2 شٹل ٹرینیں بھی چلائی جائیں گی۔پاکستان ریلوے ہر سال کی روایت برقرار رکھتے ہوئے یاتریوں کو سفری سہولیات فراہم کرے گا۔خصوصی ٹرین خانیوال، فیصل آباد اور شیخوپورہ، ٹنڈو آدم، شہداد پور، نواب شاہ، روہڑی اور گھوٹکی سمیت مختلف اسٹیشنوں سے گزرے گی۔لاڑکانہ سے روہڑی کے درمیان بھی سکھ اور ہندو یاتریوں کے لیے 2 خصوصی شٹل ٹرینیں چلائی جائے گی۔ خصوصی شٹل ٹرین 20 اور 26 نومبر کو چلائی جائیں گی۔ریلوے حکام کے مطابق پاکستان ریلوے کا خصوصی ٹرینیں چلانے کا اقدام اقلیتی برادری کو سفری سہولیات فراہم کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے۔ پاکستان ریلوے نے مقامی سکھ اور ہندو یاتریوں کے لیے 2 خصوصی ٹرینوں کا شیڈول جاری کر دیا۔ترجمان ریلویز کے مطابق ننکانہ صاحب میں سالانہ مذہبی

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

10 یورپی ممالک کا یوکرین کی حمایت میں پولینڈ میں مشترکہ فوجی مشقوں کا اعلان

پیرس (اے این این) یورپ کے دس ممالک نے یوکرین کی حمایت میں پولینڈ میں مشترکہ فوجی مشقوں کا اعلان کر دیا۔ برطانیہ اور فرانس نے کہا ہے کہ یوکرین کی حمایت کے لیے قائم نئی کثیر القومی فورس کی پہلی فوجی مشقیں 9 تا 22 نومبر تک پولینڈ میں ہوں گی، جن میں 10 یورپی ممالک کے تقریباً 2,800 فوجی حصہ لیں گے۔عالمی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق فرانس کی وزارت دفاع کی جانب سے جاری مشترکہ بیان کے مطابق کوالیتسا (پولش زبان میں اتحاد) کے نام سے ہونے والی یہ مشقیں اس بات کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کریں گی کہ جنگ کے خاتمے

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ضلع مہمند میں انسداد پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق شہباز شریف نے واقعہ میں شہید ہونے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہدا کے بلندی درجات کیلئے دعا کی اور ان کے اہلخانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ انسداد پولیو ورکرز اور ان کی حفاظت پر مامور پولیس اور سکیورٹی اہلکار قومی فریضہ سرانجام دے رہے ہیں اور قوم کے محفوظ مستقبل کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں،اس قسم کے دہشت گردانہ حملے انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک سے ہر قسم کی دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے پرعزم ہیں۔وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ضلع مہمند میں انسداد پولیو ٹیم کی حفاظت پر مامور پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کے واقعہ کی شدید مذمت کی ہے۔وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق شہباز شریف نے واقعہ میں شہید ہونے والوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہدا کے بلندی درجات کیلئے دعا کی اور ان کے اہلخانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔وزیراعظم نے کہا کہ انسداد پولیو ورکرز اور ان کی حفاظت پر مامور پولیس اور سکیورٹی اہلکار

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایک ریٹائرڈ جج آئین اور قانون کے خلاف موقف پیش کر رہا ہے، ن لیگ، الیکشن کمیشن

عدالتی ریکارڈ ادھورے تناظر اور یکطرفہ تشریحات کے ذریعے پیش کرنا غیر مناسب ہے پی ٹی آئی آج بھی کمیشن کے ریکارڈ میں رجسٹرڈ سیاسی جماعت ہے

،جسٹس ریٹائرڈ منصور علی شاہ کا بیان سپریم کورٹ کے حتمی فیصلوں کے منافی ہے،جسٹس (ر) منصور علی شاہ کے غیر ملکی ٹی وی کو انٹرویو پر ردعمل

اسلام آباد (اے این این) ترجمان الیکشن کمیشن نے سابق جج کے موقف کو آئینی وقانونی حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ عدالتی ریکارڈ ادھورے تناظر اور یکطرفہ تشریحات کے ذریعے پیش کرنا غیر مناسب ہے۔ الیکشن کمیشن نے پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات اور پی ٹی آئی کے انتخابی نشان اور مخصوص نشستوں سے متعلق اپنے فیصلوں کا دفاع بھی کیا ہے۔جسٹس ریٹائرڈ منصور علی شاہ کے ایک غیر ملکی ٹی وی چینل کو دیئے گئے انٹرویو پر ردعمل دیتے ہوئے ترجمان الیکشن کمیشن نے کہا پنجاب اور خیبر پختونخوا انتخابات 2023 سے متعلق سپریم کورٹ کا اکثریتی فیصلہ 4 اور 3 کا تھا۔ازخود نوٹس اور سپریم کورٹ بار کی درخواستیں خارج ہونے کا موقف درست قانونی نتیجہ نہیں تھا، کمیشن عدالتی حکم کے مطابق کارروائی کا پابند تھا۔ترجمان کا کہنا ہے کہ الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعات 208 اور 209 کے تحت ہر سیاسی جماعت کے لئے شفاف انٹرا پارٹی

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق معاون خصوصی میر اعجاز احمد سنجرانی ملاقات کر رہے ہیں

کراچی، ایف آئی اے کا حوالہ ہنڈی نیٹ ورک کے خلاف کریک ڈاؤن

2 ملزمان گرفتار، 25 لاکھ روپے نقدی، ڈیجیٹل آلات اور دیگر شواہد برآمد

کراچی (اے این این) کراچی میں ایف آئی اے اسٹیٹ بینک سرکل نے حوالہ ہنڈی کے کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ایف آئی اے ترجمان کے مطابق ڈائریکٹر کراچی زون منتظر مہدی کی ہدایات پر گلاس ٹاور کے قریب جامع کلاتھ مارکیٹ ایم اے جناح روڈ پر چھاپہ مارا گیا۔کارروائی کے دوران الطاف احمد اور محمد ندیم کو گرفتار کیا گیا،ملزمان کے قبضے سے 25 لاکھ روپے نقدی، ڈیجیٹل آلات اور دیگر شواہد برآمد ہوئے۔ابتدائی تحقیقات کے مطابق گرفتار ملزمان حوالہ ہنڈی کے کاروبار میں ملوث ہونے کا اعتراف بھی کیا۔ایف آئی اے نے ملزمان کے خلاف فارن ایکسچینج ریگولیشن ایکٹ 1947 (ترمیم شدہ 2020) کی متعلقہ دفعات کے تحت مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔کراچی میں ایف آئی اے اسٹیٹ بینک سرکل نے حوالہ ہنڈی کے کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 2

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

ٹرمپ بدترین صدر، جن کے پیچھے چلتے ہوئے ریپبلکنز کھائی میں جا گرے، سینیٹر چک شومر

واشنگٹن (اے این این) ڈیموکریٹ سینیٹر چک شومر نے سینیٹ میں ڈیموکریٹس کو اکثریت حاصل ہونے پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ چک شومر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ تمام تر ناموافق حالات کے باوجود ڈیموکریٹس نے سینیٹ کا معرکہ جیت لیا۔انہوں نے امریکی عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکیوں نے تبدیلی کے لیے ووٹ دیا ہے، اب ڈیموکریٹس کو نتائج فراہم کرنے ہوں گے۔ چک شومر نے کہا کہ اہم بات یہ ہے کہ ہماری پوری توجہ امریکی خاندانوں، ان کی تکالیف اور ان کی ضرورتوں پر تھی۔انہوں نے کہا کہ صدر ٹرمپ اب تک کے بدترین صدر ہیں، یہ امریکی تاریخ کی سب سے کرپٹ ترین

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)

کراچی، کلینک میں مبینہ غلط انجکشن لگنے سے خاتون جاں بحق

کراچی (اے این این) کراچی کے علاقے بھینس کالونی کے ایک کلینک میں مبینہ طور پر غلط انجکشن لگنے کے نتیجے میں ایک خاتون جاں بحق ہو گئی۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والی خاتون کی شناخت 45 سالہ نجمہ کے نام سے ہوئی ہے۔ ابتدائی معلومات کے مطابق متوفیہ خاتون پیشہ ور گداگر ہے جو بھیک مانگتے دوران چکرا کر گر گئی تھی۔علاقہ مکینوں نے بے ہوش ہونے والی خاتون کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے قریبی کلینک منتقل کیا، تاہم وہ جانبر نہ ہوسکیں اور دم توڑ گئیں۔ پولیس نے ابتدائی طور پر خاتون کی موت کو طبی قرار دیتے ہوئے لاش کو ضابطے کی کارروائی کے لئے جناح اسپتال منتقل کر دیا ہے۔

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

نوابزادہ میر شاہ جہاں زہری آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک

خضدار (یو این اے) چیف آف جھالاوان سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب ثنا اللہ خان زہری کے بھانجے نوابزادہ میر شاہ جہاں زہری کو کراچی کے مقامی قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے ساتھ سپرد خاک کر دیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ سلطان مسجد ڈیفنس کراچی میں ادا کی گئی، جس میں بڑی تعداد میں قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات، عزیز و اقارب اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔نماز جنازہ کے موقع پر مرحوم کے اہل خانہ، عزیز و اقارب اور دیگر شرکا غم سے نڈھال نظر آئے۔اس موقع پر ہر آنکھ اشکبار اور فضا سوگوار تھی۔ شرکا نے مرحوم کے اہلِ خانہ سے دلی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

پنجاب میں فضائی آلودگی میں خطرناک حد تک اضافہ، سانس لینا دشوار

لاہور (اے این این) پنجاب کے متعدد شہر شدید فضائی آلودگی کی لپیٹ میں ہیں، جبکہ جھنگ 678 ایئر کوالٹی انڈیکس کے ساتھ سب سے آگے ہیں۔تفصیل کے مطابق پنجاب کے مختلف شہروں میں اسموگ اور فضائی آلودگی کی صورتحال انتہائی تشویشناک حد تک پہنچ گئی ہے، جس کے باعث فضا شدید مضر صحت ہو چکی ہے۔تازہ ترین اعداد و شمار میں بتایا گیا جھنگ میں ایئر کوالٹی انڈیکس (اے کیو آئی) 678 ، ملتان میں 658 اور گوجرانوالہ میں 519 ریکارڈ کیا گیا ہے۔جبکہ لاہور میں پارٹیکیولیٹ میٹرز کی تعداد 400 اور فیصل آباد میں 366 تک پہنچ گئی ہے۔طبی ماہرین نے شدید آلودگی کے مدنظر شہریوں کو غیر

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 5 پر)

گنداخہ، صوبائی وزیر فیصل جمالی کے ذاتی فنڈز سے گنداخہ شاخ کی بھل صفائی کا کام جاری

گنداخہ (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی کی کوششوں اور ذاتی فنڈ سے گنداخہ شاخ میں بھل صفائی کا کام جاری ہے۔ جاری کام کا معروف سیاسی و سماجی شخصیات سید غفار علی شاہ، میر شیراز خان جمالی، عادل حسین جمالی، گلاب خان جمالی، عبدالکریم جمالی و دیگر نے معائنہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گنداخہ شاخ میں بھل صفائی کا کام زمینداروں اور آبادگاروں کے وسیع تر مفاد میں ایک اہم اور اجتماعی اقدام ہے۔ اس سے نہ صرف نہری پانی کی روانی بہتر بنانے میں مدد ملے گی بلکہ ٹیل کے علاقوں تک پانی کی فراہمی میں بھی بہتری آنے کی امید ہے، جس سے کاشتکاروں کو درپیش پانی کی مشکلات میں کمی

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

ڈمپ بائی پاس منصوبے پر کام بند ہونے کے خلاف 7 نومبر کو پہیہ جام ہڑتال کا اعلان

این ایچ اے 50 کوئٹہ-ژوب روڈ ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند رہے گی، آل پارٹیز ایکشن کمیٹی و دیگر تنظیموں کی کال

ژوب (یو این اے) ژوب بائی پاس کے 11 کلومیٹر منصوبے پر کام کی مسلسل بندش اور عوامی مسائل کے پیشِ نظر آل پارٹیز ایکشن کمیٹی، ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن، مرکزی انجمنِ تاجران، ملیزی ترقیاتی تنظیم، ہوٹل یونین، عبداللہ زئی ویلفیئر فاؤنڈیشن، ژوب شہر کے عوام، سماجی وقبائلی مشران کی جانب سے بروز ہفتہ، 7 نومبر کو پہیہ جام ہڑتال کی کال دی ہیی ارسی کے مقام پر این ایچ اے 50 کوئٹہ-ژوب روڈ ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بند ہوتمام ٹرانسپورٹرز، ڈرائیور حضرات، تاجر برادری اور عوام الناس سے اپیل کی جاتی ہے کہ سات نومبر بروز ہفتہ ہڑتال کے روز غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور اس عوامی احتجاج میں بھرپور تعاون کریں انہوں نے کہا کہ یہ ہڑتال ژوب بائی پاس منصوبے پر کام کی بحالی تک غیر معینہ مدت تک جاری رہے گی۔ژوب بائی پاس کے 11 کلو میٹر منصوبے پر کام کی مسلسل بندش اور عوامی مسائل کے پیشِ نظر ال پارٹیز ایکشن کمیٹی، ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن، مرکزی انجمنِ تاجران، ملیزی ترقیاتی تنظیم، ہوٹل یونین، عبداللہ زئی ویلفیئر فاؤنڈیشن، ژوب

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی دلچسپی

گنداخہ شاخ میں بھل صفائی کے کام کا میر ضرار ناصر خان جمالی کا معائنہ

اوستہ محمد (اے این این) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی کے خصوصی تعاون اور دلچسپی سے گنداخہ شاخ میں جاری بھل صفائی کے کام کا میر ضرار ناصر خان جمالی نے دورہ کر کے تفصیلی معائنہ کیا۔اس موقع پر انہوں نے شاخ میں جاری بھل صفائی کے کام کا جائزہ لیا اور پانی کی روانی نہری گزرگاہوں اور صفائی کے عمل کا بغور مشاہدہ کیا۔میر ضرار ناصر خان جمالی نے اس موقع پر متعلقہ افراد کو ہدایت کی کہ گنداخہ شاخ کی بھل صفائی کا کام مقررہ معیار کے مطابق تیزی سے مکمل کیا جائے تاکہ شاخ میں پانی کی روانی کو بہتر بنایا جاسکے اور پانی کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کا خاتمہ ممکن ہو۔ انہوں نے کہا کہ نہری نظام کی بہتری اور شاخوں کی بروقت بھل صفائی نہایت اہمیت کی حامل ہے کیونکہ اس سے نہ صرف پانی کی ترسیل بہتر ہوتی ہے بلکہ ٹیل کے آبادگاروں کو بھی ان کے حصے کا پانی پہنچانے میں مدد ملتی ہے۔انہوں نے کہا کہ زراعت کا انحصار نہری پانی پر ہے اور آبادگاروں کو درپیش پانی کی مشکلات کا ازالہ کرنے کے لیے عملی اقدامات ضروری ہیں۔گنداخہ شاخ کی

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی میر زابد علی ریکی ملاقات کر رہے ہیں

کراچی، 5 مبینہ مقابلوں میں موٹر سائیکل لفٹر ہلاک، 7 زخمی

سمیت 11 ملزمان گرفتار اسلحہ، گولیاں، موبائل فونز، نقد رقم اور مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد

کراچی (اے این این) کراچی کے مختلف علاقوں میں پولیس نے پانچ مبینہ مقابلوں کے دوران ایک موٹر سائیکل لفٹر کو ہلاک اور 7 زخمیوں سمیت 11 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔پولیس نے گرفتار اور ہلاک ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، گولیاں، موبائل فونز، نقد رقم اور مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لی۔تفصیل کے مطابق بوٹ بیسن پولیس نے منگل اور بدھ کی درمیانی شب اتوار بازار کلفٹن بلاک 2 کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا۔ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ساؤتھ مہزور علی کے ترجمان کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت 40 سالہ منظور احمد ولد محمد رمضان کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ اس کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔ملزم کے قبضے سے 9 ایم ایم پستول بمعہ گولیاں، موبائل فون اور نقد رقم برآمد کی گئی۔ زخمی ملزم کو طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔شارع نور جہاں پولیس نے منگل اور بدھ کی درمیانی شب ناردھ آباد بلاک ٹی، ٹینکی گراؤنڈ کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد دو زخمیوں سمیت چار ملزمان کو گرفتار کر

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 5 پر)

پاکستان کی ڈومیسٹک فضائی مارکیٹ میں فلائی جناح پہلے نمبر پر آ گئی

بین الاقوامی روٹس پر امارات ایئر لائنز پہلے، سعودی ایئر لائنز دوسرے اور قطر ایئرویز تیسرے نمبر پر رہی

لاہور (اے این این) پاکستان میں اندرون ملک مسافروں کی آمد و رفت کے شعبے میں فلائی جناح نے سب کو پیچھے چھوڑ دیا۔سی اے اے کے 2024-25 کے اعداد و شمار کے مطابق اندرون ملک سب سے زیادہ مسافروں کو لانے اور لے جانے میں فلائی جناح پہلے نمبر پر آ گئی، پی آئی اے دوسرے اور ایئر بلیو تیسرے نمبر پر رہی۔فلائی جناح نے اندرون ملک 19 لاکھ 67 ہزار مسافروں کو ان کی منزل تک پہنچایا، پی آئی اے کے ذریعے 18 لاکھ 51 ہزار جبکہ ایئر بلیو کے ذریعے 10 لاکھ 4 ہزار مسافروں نے سفر کیا۔ایئر سیال کے ذریعے 8 لاکھ 13 ہزار مسافروں نے اندرون ملک سفر کیا۔اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں اس وقت 37 ایئر لائنز فضائی خدمات فراہم کر رہی ہیں جن میں 5 ملکی اور 32 غیر ملکی ایئر لائنز شامل ہیں۔ملکی ایئر لائنز میں فلائی جناح، پی آئی اے، ایئر بلیو، ایئر سیال اور ساتھ ایئر شامل ہیں جبکہ سرین ایئر اکتوبر 2025 سے بند ہے۔دوسری جانب سے بین الاقوامی فضائی سفر میں امارات ایئر لائنز کا حصہ سب سے

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 5 پر)

اکتوبر گزشتہ 66 سالوں کے دوران ملک کا چھٹا گرم ترین اکتوبر قرار

رات کا اوسط درجہ حرارت معمول سے 2.3 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ بھی ریکارڈ کیا گیا

کراچی (اے این این) اکتوبر 2026 کو گزشتہ 66 سال کے دوران ملک کا چھٹا گرم ترین اکتوبر قرار دے دیا گیا، گزشتہ ماہ ملک کا اوسط درجہ حرارت 25.2 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔پاکستان محکمہ موسمیات نے اکتوبر 2026 کی ماہانہ موسمیاتی رپورٹ جاری کر دی جس کے مطابق اکتوبر 2026 میں ملک کا اوسط درجہ حرارت معمول سے 1.2 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔اکتوبر میں رات کا اوسط درجہ حرارت معمول سے 2.3 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ رہا، جس کے باعث گزشتہ 66 سال میں اکتوبر 2026 تیسری گرم ترین راتوں والا مہینہ رہا۔اکتوبر میں دن کا اوسط سے زیادہ درجہ حرارت 32.1 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔محکمہ موسمیات کے مطابق اکتوبر کے دوران ملک میں اوسط بارش 9.2 ملی میٹر ریکارڈ کی گئی۔بلوچستان کا ضلع تربت ملک کا گرم ترین مقام رہا، جہاں درجہ حرارت 44 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ سندھ کا شہر مٹھی اکتوبر کے دوران گرم ترین مقام رہا، جہاں اوسط زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ ہوا۔گلگت بلتستان کا شہر اسکردو اکتوبر میں ملک کا سرد

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 5 پر)

مڈٹرم انتخابات، کنساس میں 94 سال بعد ڈیموکریٹ پارٹی سے سینیٹر منتخب

واشنگٹن (اے این این) امریکی ریاست کنساس میں 94 سال بعد ڈیموکریٹ پارٹی سے سینیٹر کو منتخب کر لیا گیا، ایڈم ہیملٹن نے راجر مارشل کو شکست دے دی۔امریکی میڈیا رپورٹ کے مطابق ڈیموکریٹ ایڈم ہیملٹن نے صدر ٹرمپ کے حمایت یافتہ ریپبلکن امیدوار راجر مارشل کو ہرا دیا۔کامیابی کے بعد خطاب میں ایڈم ہیملٹن نے کہا کہ کنساس کے عوام، خواہ وہ ریپبلکن، ڈیموکریٹ یا آزاد حیثیت رکھنے والے ووٹرز ہوں، سب ہی یہ پیغام دے رہے ہیں کہ واشنگٹن میں جو کچھ ہو رہا ہے، وہ قابلِ قبول نہیں۔کنساس میں ایڈم ہیملٹن کی کامیابی کو

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 5 پر)

امریکی وسط مدتی انتخابات میں کوشکست، ایرانی سفارتخانے کی ٹرمپ پر طنزیہ میم وائرل

نئی دہلی (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ری پبلکن جماعت کو 2026 کے وسط مدتی انتخابات میں بڑا دھچکا لگنے کے بعد بھارت میں ایرانی سفارت خانے نے بھی ان پر طنز کے نشتر چلا دیئے۔ایرانی سفارت خانے نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک طنزیہ میم شیئر کی ہے۔اے آئی ویڈیو پر مبنی میم میں 4 افراد ڈونلڈ ٹرمپ کو اٹھا کر ایک کوڑے دان میں پھینکتے دکھائی دے رہے ہیں، جس پر خطرناک فضلہ کے الفاظ درج ہیں۔ لگنے کے بعد بھارت میں ایرانی سفارت خانے نے بھی ان پر طنز کے نشتر چلا دیئے۔ایرانی سفارت خانے نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک طنزیہ میم شیئر کی

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

محکمہ زراعت نصیر آباد کے ریٹائرڈ ملازمین کے اعزاز میں پروقار الوداعی تقریب

نصیر آباد (اے این این) محکمہ زراعت نصیر آباد کے ریٹائرڈ ملازمین بابو حامد علی سومرو اور عبدالرشید بنگلزئی کے اعزاز میں ایگریکلچر ورکرز یونین نصیر آباد کی جانب سے ایک پروقار اور پرتکلف الوداعی تقریب کا اہتمام کیا گیا۔تقریب میں سابق ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع میر ظہیر احمد خان عمرانی، موجودہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع انوار الحق اور ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر واٹر مینجمنٹ نصیر آباد قربان علی لہڑی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔اس موقع پر ایگریکلچر ورکرز یونین نصیر آباد کے چیئرمین وڈیرہ سلطان احمد چھلگری، وڈیرہ عبدالحمید عمرانی، بابو غلام محمد پیچوہو، محمد جانب عمرانی، عبدالنبی رند، جنید خان

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

رکنی ماڈل بازار کے متاثرہ دکانداروں کو مارکیٹ ریٹ کے مطابق معاوضہ دیا جائے، طارق محمود

کوئٹہ (یو این اے) سابق صوبائی وزیر اور سینئر سیاسی رہنما میر طارق محمود خان کھیتران نے حکومت بلوچستان سے پرزور اپیل کی ہے کہ کوہِ سلیمان ڈویژن کے ہیڈکوارٹر رکنی میں زیرِ تعمیر ماڈل بازار منصوبے سے متاثرہ دکانداروں کو موجودہ مارکیٹ ریٹ کے مطابق منصفانہ معاوضہ ادا کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں میر طارق محمود کھیتران نے کہا کہ رکنی بازار کو کشادہ کرنے کے لیے جن دکانوں کو مسمار کیا جا رہا ہے، وہ شہریوں کی ذاتی ملکیت ہیں اور اس اقدام سے دکانداروں کو شدید مالی نقصان کا سامنا ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ حکومت کی جانب سے مقرر کردہ معاوضہ موجودہ مارکیٹ ویلیو سے کافی کم ہے، جبکہ

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 5 پر)

ضلع اوستہ محمد کی سب سے بڑی تحصیل گنداخہ کا سرکاری اسپتال رات کی شفٹ سے محروم

گنداخہ (اے این این) ضلع اوستہ محمد کی سب سے بڑی تحصیل گنداخہ کے تحصیل ہیڈکوارٹر شہر گنداخہ میں واقع سرکاری اسپتال جدید دور میں بھی رات کے وقت طبی سہولیات فراہم کرنے سے محروم ہے۔اسپتال میں صبح کے اوقات میں ڈاکٹرز اور طبی عملے کی ڈیوٹیاں موجود ہوتی ہیں، تاہم رات کے وقت ڈاکٹرز اور طبی عملے کی کوئی باقاعدہ شفٹ مقرر نہ ہونے کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔تفصیلات کے مطابق تحصیل ہیڈکوارٹر گنداخہ کا یہ سرکاری اسپتال گردونواح کے متعدد دیہی علاقوں کے عوام کے لیے علاج معالجے کا اہم مرکز ہے، جہاں روزانہ مختلف علاقوں سے مریض طبی سہولیات حاصل کرنے آتے ہیں۔ تاہم رات کے وقت اچانک طبیعت خراب ہونے، حادثات یا ایمرجنسی کی صورت میں اسپتال میں ڈاکٹرز کی باقاعدہ

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

عوام کی صحت اور فلاح و بہبود حکومت کی اولین ترجیح ہے، بخت محمد

شہری سردی سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کریں، وزیر صحت بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ طویل خشک سالی کے بعد کوئٹہ اور گردونواح میں موسم سرما کی پہلی بارش خوش آئند ہے، بارش قدرت کی ایک بڑی نعمت ہے جو ماحول میں تازگی پیدا کرنے کے ساتھ گرد و غبار میں کمی کا باعث بنتی ہے۔تاہم موسم کی تبدیلی کے پیش نظر شہریوں کو اپنی صحت کا خصوصی خیال رکھنا چاہیے، خصوصاً بچوں، بزرگوں اور بیمار افراد کو سردی سے بچاؤ کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں،یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی،انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں بارش کے بعد موسم سرد ہونے سے شہریوں کو اپنی روزمرہ سرگرمیوں کے دوران احتیاط برتنے کی ضرورت ہے۔ والدین بچوں کو گرم کپڑے پہنائیں اور سردی سے بچاؤ کے مناسب انتظامات کریں، جبکہ سانس اور دیگر بیماریوں میں مبتلا افراد موسم کی تبدیلی کے دوران اپنی صحت پر خصوصی توجہ دیں۔ بخت محمد کاکڑ نے کہا کہ صحت مند معاشرے کے قیام کے لیے عوام میں احتیاطی تدابیر اور صحت سے متعلق آگاہی کو

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

جمعیت علمائے پاکستان امام نورانی کے صوبائی انتخابات مکمل

مفتی محمد جان قاسمی صوبائی صدر، علامہ شمس الضحی قادری جنرل سیکرٹری منتخب

نصیر آباد (یو این اے) جمعیت علمائے پاکستان امام نورانی کے صوبائی انتخابات الیکشن کمیٹی کے چیئرمین مولانا علی اکبر قاسمی اور ممبر سید محسن شاہ بخاری کی زیر نگرانی میں منعقد ہوئے انتخابات نہایت منظم، پرامن اور جمہوری انداز میں ہوئے جس میں صوبے بھر سے ضلعی صدور، جنرل سیکرٹریز اور مرکزی کونسل کے اراکین نے شرکت کی انتخابات کے موقع پر کارکنان کی بڑی تعداد موجود تھی اور تمام عہدوں کے لیے اتفاق رائے سے انتخاب عمل میں لایا گیا شرکا نے الیکشن کمیٹی کی شفاف اور غیر جانبدارانہ کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ جمعیت علمائے پاکستان امام نورانی ہمیشہ جمہوری اقدار کی پاسداری کرتی آئی ہے انتخابات کے نتیجے میں مفتی محمد جان قاسمی کو صوبائی صدر منتخب کیا گیا۔ جبکہ علامہ شمس الضحی قادری کو جنرل سیکرٹری اور علامہ عبدالحکیم انقلابی کو سینئر نائب صدر منتخب کیا گیا۔ اس کے علاوہ دیگر عہدوں پر بھی اہل اور متحرک رہنماں کا انتخاب عمل میں لایا گیا نو منتخب صوبائی سینئر نائب صدر علامہ عبدالحکیم انقلابی ڈیرہ مراد جمالی پریس کلب میں بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)

پی ٹی آئی قیادت کو اپنے دورِ حکومت کے اقدامات کا جواب دینا ہوگا، امیر مقام

پی ٹی آئی کے ارکان اسمبلی حکومت کی بحالی کا خواب دیکھنا چھوڑ دیں 13 سالہ دورِ اقتدار میں عوام کو کرپشن اور لوٹ مار کے سوا کچھ نہیں دیا

وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان کا بٹگرام میں جلسے سے خطاب، کا پاکستان تحریک انصاف کی قیادت اور ارکان اسمبلی پر شدید تنقید

بٹگرام (اے این این) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت کو اپنے دورِ حکومت کے اقدامات کا جواب دینا ہوگا۔بٹگرام میں یومِ نجات کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے امیر مقام کا پاکستان تحریک انصاف کی قیادت اور ارکان اسمبلی کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے ارکان اسمبلی حکومت کی بحالی کا خواب دیکھنا چھوڑ دیں۔انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے اپنے 13 سالہ دورِ اقتدار میں عوام کو کرپشن اور لوٹ مار کے سوا کچھ نہیں دیا، پی ٹی آئی کے تمام ارکان اسمبلی اور وزرا کو اپنے اعمال کا حساب دینا ہوگا۔وفاقی وزیر امور کشمیر کا مزید کہنا تھا کہ پی ٹی آئی قیادت کو اپنے دورِ حکومت میں کیے گئے اقدامات کا بھی جواب دینا ہوگا۔ وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی قیادت کو اپنے دورِ حکومت میں کیے گئے اقدامات کا بھی جواب دینا ہوگا۔

جو صلاحیات 78 سال میں نہیں ہوسکیں وہ ڈیڑھ سال میں نہیں ہوسکتیں، محمد اورنگزیب

پاسکو، یوٹیلٹی اسٹورز اور پی ڈبلیو ڈی کو رائٹ رائزنگ کے تحت بند کیا گیا، 26 اداروں کی نجکاری بھی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، وفاقی وزیر خزانہ کا خطاب

ڈاکٹر عشرت حسین نے پاکستان میں معاشی اصلاحات کو نئی بلندیاں دیں معاشی ترقی کے فائدے ہر گھر تک پہنچنا ضروری ہیں، گورنر اسٹیٹ بینک محمد جمیل احمد

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ 78 سال میں جو اصلاحات نہیں ہوسکیں وہ ایک سے ڈیڑھ سال میں نہیں ہوسکتیں، پاسکو، یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن اور پی ڈبلیو ڈی کو رائٹ رائزنگ کے تحت بند کیا گیا۔ 26 سرکاری اداروں کی نجکاری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں ایس ڈی پی آئی کے زیر اہتمام جاری کانفرنس کے دوسرے روز اپنے خطاب میں کیا۔ وزیر خزانہ نے کہا کابینہ کی ایس اوایز کمیٹی میں رائٹ رائزنگ پر کام کیا گیا، جس کے بعد یوٹیلٹی اسٹور کارپوریشن، پی ڈبلیو ڈی اور پاسکو کی رائٹ سائزنگ کی گئی۔ محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ ایس اوایز کمیٹی میں سابق گورنر اسٹیٹ بینک ڈاکٹر عشرت

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق گورنر بلوچستان جسٹس (ر) امان اللہ یاسین زئی ملاقات کر رہے ہیں



رخشنی، کمشنر کوئٹہ ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی بلوچستان لیڈ سیکورٹی آرکیٹیکچر اور صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خضدار، غلامانی چوک سے معروف تاجر اغوا، احتجاجاً کوئٹہ۔ کراچی قومی شاہراہ بلاک

انتظامیہ کے ساتھ کامیاب مذاکرات اور فوری بازیابی کی یقینی دہانی پر شاہراہ ٹریفک کے لیے کھول دی گئی

خضدار (یو این اے) خضدار سے تاجر اغوا، کوئٹہ کراچی شاہراہ احتجاجاً بلاک۔ انتظامیہ سے مذاکرات کے بعد روڈ کھول دیا گیا۔ خضدار کے معروف چوک غلامانی چوک سے مسلح افراد نے تاجر بہاول خان غلامانی کو اغوا کرلیا، احتجاجاً خضدار زیرو پوائنٹ سیتومی شاہراہ بلاک کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق خضدار غلامانی چوک دکان سے نامعلوم مسلح افراد نے میر بہاول خان غلامانی کو اغوا کرلیا۔ واقعیکے خلاف لواحقین اور مقامی آبادی نے قومی شاہراہ کو ہر قسم کی آمدورفت کے لیے بلاک کردیا۔ شاہراہ کی بندش سے سڑک کے دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی۔ اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ مظاہرین نے انتظامیہ سے میر بھاول خان غلامانی کی فوری اور باحفاظت بازیابی کا مطالبہ کیا۔ مسافروں کی پھر یشانیوں کو مدنظر رکھکر انتظامیہ نے مظاہرین سے نتیجہ خیز مذاکرات کرکے قومی شاہراہ کو کھول دیا گیا۔ خضدار سے تاجر اغوا، کوئٹہ کراچی شاہراہ احتجاجاً بلاک۔ انتظامیہ سے مذاکرات کے بعد روڈ کھول دیا گیا۔ خضدار کے

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

سابق وفاقی وزیر اسعد محمود کو مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے معاملے پر نیب نے طلب کرلیا

پشاور (اے این این) سربراہ جے یو آئی ف مولانا فضل الرحمان کے بیٹے اسعد محمود کے گرد گھیرا قانونی بھرتیوں کا معاملہ سنگین ہوگیا۔ اس سلسلے میں نیب اور ایف آئی اے کے باضابطہ نوٹسز بھی سامنے آگئے۔ رپورٹ کے مطابق سابق وفاقی وزیر مواصلات اسعد محمود کو پاکستان پوسٹ آفس میں مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے معاملے پر نیب نے طلب کرلیا۔ اس سلسلے میں نیب راولپنڈی نے اسعد محمود کو 10 نومبر 2026 کو صبح 11 بجے تحقیقاتی ٹیم کے سامنے پیش

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں پیشہ ور گداگروں کے خلاف کارروائی، 12 افراد حراست میں لے لیے گئے

بچوں اور خواتین کو بھیک مانگنے کے لیے استعمال کرنے والوں کے خلاف کارروائی جاری رہے گی، سیف اللہ

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران کی خصوصی ہدایات پر ویلفیئر ہوم فار بیگرز، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی مرکزی شاہراہوں اور اہم مقامات پر پیشہ ور گداگروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 11 خواتین اور ایک مرد سمیت مجموعی طور پر 12 افراد کو حراست میں لے لیا، جبکہ 7 بچوں کو تنبیہ اور وارننگ دے کر والدین کے حوالے کردیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بدھ کے روز سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم نے کوئٹہ کے مختلف اہم مقامات، جن میں ایئرپورٹ روڈ، سیکرٹریٹ چوک، جی پی او چوک اور سرینا چوک شامل ہیں، پر چھاپے مارے اور پیشہ ورانہ طور پر بھیک مانگنے میں ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی۔ اس دوران 11 خواتین اور ایک مرد کو پکڑا گیا، جبکہ 7 بچوں کو بھی تحویل میں لے کر ان کی مناسب رہنمائی اور وارننگ کے بعد چھوڑ دیا گیا۔ گرفتار افراد کو ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد متعلقہ تھانے منتقل کردیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سابق گورنر بلوچستان جسٹس (ر) امان اللہ یاسین زئی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ اور گردونواح میں موسم سرما کی پہلی بارش موسم خوشگوار

طویل خشک سالی کے بعد بارش سے شہریوں کے چہرے کھل اٹھے، پہاڑوں پر موسلا دھار بارش، بارش کا سلسلہ آئندہ 24 گھنٹے تک جاری رہنے کا امکان

طویل خشک سالی کے بعد بارش سے موسم میں خوش گوار تبدیلی آئی ہے بارش نہ صرف ماحول سے گرد وغبار کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے بلکہ خشک سالی کے اثرات میں کمی اور قدرتی ماحول کی بہتری کے لیے بھی اہم ہے، شہری

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ اور گردونواح میں موسم سرما کی پہلی بارش سے موسم خوش گوار اور سرد ہوگیا، جبکہ طویل خشک سالی کے بعد بارش برسنے پر شہریوں کے چہرے کھل اٹھے۔ بارش سے فضا میں موجود گرد وغبار میں کمی آنے اور موسم میں خوش گوار تبدیلی کے باعث شہریوں نے سکھ کا سانس لیا۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ شہر اور اس کے نواحی علاقوں میں موسم سرما کی پہلی بارش کا سلسلہ شروع ہوگیا، جس کے بعد سردی کی شدت میں اضافہ محسوس کیا جانے لگا۔ طویل عرصے سے بارش نہ ہونے کے باعث خشک موسم اور گرد وغبار سے شہری پریشان تھے، تاہم بارش کے آغاز پر لوگوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ کے گردونواح اور نواحی پہاڑی علاقوں میں موسلا دھار بارش ہورہی ہے، جبکہ بارش کا سلسلہ آئندہ 24 گھنٹے تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ بارش کے باعث درجہ حرارت میں مزید کمی متوقع ہے، جس سے موسم مزید سرد ہوسکتا

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبائی ایکشن پلان پر مؤثر عملدرآمد اور سیکیورٹی اقدامات کا جائزہ

تمام ادارے باہمی رابطے سے امن وامان کی بہتری کے لیے کردار ادا کریں، مجیب الرحمٰن قمبرانی

رخشنی (خ ن) کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن کی زیر صدارت بلوچستان انیگریٹڈ سیکیورٹی آرکیٹیکچر اور صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کا جائزہ اجلاس رکھنی: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی کی زیر صدارت بلوچستان انیگریٹڈ سیکیورٹی آرکیٹیکچر (BISA) اور صوبائی ایکشن پلان پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس کوہِ سلیمان رینج ایاز احمد بلوچ، ونگ کمانڈر 129 کرنل محمد یونس، ایڈیشنل کمشنر کوہِ سلیمان ڈویژن عبدالباسط بزدار اور اضلاع بارکھان، کوہلو اور ڈیرہ بگٹی کے ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ اجلاس میں ڈی ایس پی رخشنی خالد بزدار، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر عبدالعزیز اور پولیس، سیکیورٹی اداروں اور متعلقہ سرکاری محکموں کے دیگر افسران بھی شریک ہوئے۔ اجلاس میں بلوچستان انیگریٹڈ سیکیورٹی آرکیٹیکچر کے تحت ضلعی سطح پر منعقدہ اجلاسوں، ان میں کیے گئے فیصلوں اور ان

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 2 پر)

محکمہ آبپاشی کے ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز کرنے کی ہدایت

لسبیلہ ڈویژن کے کمشنر کا منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار یقینی بنانے پر زور

اوتھل (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیر صدارت محکمہ آبپاشی کے ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں ایگزیکٹو انجینئر (XEN) محکمہ آبپاشی ضلع لسبیلہ نے ضلع میں جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران محکمہ آبپاشی کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں، ان پر ہونے والی پیش رفت، فنڈز کے استعمال، درپیش مسائل اور منصوبوں کی تکمیل سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے اور کام کے معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنایا جائے اور تمام اسکیموں کی پیش رفت سے متعلق باقاعدگی سے رپورٹ پیش کی جائے۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیرِ صدارت محکمہ آبپاشی کے ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں ایگزیکٹو انجینئر (XEN)

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2 پر)

متعدد پاکستانی امریکن امیدوار بھی ریاستی انتخابات میں کامیاب

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا کے مڈٹرم الیکشن میں متعدد پاکستانی امریکن امیدوار بھی ریاستی انتخابات میں کامیاب ہوئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق پنسلوانیا کی ریاستی اسمبلی سے پاکستانی امریکن اور ڈیموکریٹ مریم صبیح سینیٹ ڈسٹرکٹ 2 سے رکن منتخب ہوئیں جب کہ سعود انور کینیکٹیکٹ کے ریاستی سینیٹ ڈسٹرکٹ 3 سے دوبارہ منتخب ہوگئے۔ ٹیکساس میں پاکستانی نژاد سلمان بھوجانی ریاستی اسمبلی کے رکن دوبارہ منتخب ہوگئے اور انہوں

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

پشکان لنک روڈ کی تعمیر کے لیے آئندہ ہفتے ٹینڈر جاری ہوگا

میرین ڈرائیو پر سڑک کی مرمت اور بحالی کا کام فوری شروع کرنے کا فیصلہ

گوادر (خ ن) ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن اور ڈائریکٹر جنرل ادارہ ترقیات گوادر معین الرحمٰن خان کی سربراہی میں ترقیاتی منصوبوں سے متعلق ایک اجلاس ہوا جس میں پشکان لنک روڈ، سربندر لنک روڈ پر پل کی تعمیر اور میرین ڈرائیو پر آنکاڑہ کور سے تاشابی کے درمیان سڑک کی تعمیر ومرمت کے منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد، سپرنٹنڈنگ انجینئر روڈ نادر بلوچ، اسسٹنٹ انجینئر ذاکر نور اور پرسنل اسسٹنٹ ٹو ایم پی اے وسیم صمد بھی موجود تھے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ پشکان لنک روڈ کی تعمیر کے لیے آئندہ ہفتے ٹینڈر جاری کیا جائے گا، جبکہ میرین ڈرائیو پر آنکاڑہ کور سے تاشابی کے درمیان سڑک کی مرمت وبحالی کے کام کا فوری طور پر آغاز کیا جائے گا۔ اس دوران ان ترقیاتی منصوبوں کے پی سی ون، تخمینہ لاگت اور دستیاب وسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ دستیاب وسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے پشکان لنک روڈ کی تعمیر کی منظوری دی گئی۔ منصوبے میں مرکزی چوک کی تزئین وآرائش

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)

دانش اسکولز میں تعلیمی سال 2027 کے داخلے جاری، آخری تاریخ 12 نومبر مقرر

مستحق طلبہ کو مفت تعلیم، رہائش اور دیگر سہولیات فراہم کی جائیں گی

سیوی (خ ن) وزیر اعظم پاکستان کے خصوصی تعلیمی اقدام کے تحت دانش اسکولز میں باصلاحیت اور مستحق طلبہ وطالبات کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے داخلوں کا عمل جاری ہے۔ اس سلسلے میں ڈویژن سبی کے تمام اضلاع میں داخلہ مہم کی وسیع پیمانے پر تشہیر اور اہل طلبہ وطالبات تک معلومات پہنچانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ کمشنر سیوی ڈویژن اور ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے والدین، طلبہ وطالبات اور تعلیمی اداروں کے سربراہان سے اپیل کی ہے کہ وزیر اعظم پاکستان کے خصوصی تعلیمی اقدام کے تحت دانش اسکولز میں تعلیمی سال 2027 کے لیے شروع ہونے والے داخلوں سے بھرپور استفادہ کریں اور اپنے باصلاحیت، ذہین اور مستحق بچوں کی درخواستیں مقررہ تاریخ تک جمع کرائیں، تاکہ ڈویژن سبی کے زیادہ سے زیادہ طلبہ وطالبات کو معیاری تعلیم کے حصول کے مواقع میسر آسکیں۔ اس حوالے سے کمشنر سیوی ڈویژن عرفان اللہ خان اور ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی کی جانب سے ڈویژن کے تمام اضلاع

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

ضمیر کی آواز ہو یا مہنگائی کا بوجھ، امریکی عوام نے جنگ کیخلاف فیصلہ سنا دیا، ایرانی اسپیکر

تہران (اے این این) اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ باقر قالیباف نے امریکی مڈٹرم انتخابات کے نتائج پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ضمیر کی آواز ہو یا مہنگائی کا بوجھ، امریکی عوام نے جنگ کے خلاف اپنا فیصلہ سنا دیا ہے اور ہم امریکی عوام کے فیصلے کی حمایت کرتے ہیں۔ باقر قالیباف نے ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ اگر امریکی حکومت عالمی آقا اور بلیک میل کرنے والوں کے مفادات کی خاطر عوامی خواہشات سے انحراف کرتی ہے تو اسے معلوم ہونا چاہیے کہ ہمارا

(بقیہ 85 اندرونی صفحہ 2 پر)

تکنیکی وآپریشنل وجوہات کے باعث 8 پروازیں منسوخ

کراچی (اے این این) تکنیکی اور آپریشنل وجوہات کے باعث 8 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ منسوخ ہونیوالی پروازوں میں کراچی سے جدہ جانے والی پی آئی اے کی پرواز پی کی 761، کراچی سے دبئی

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایاز صادق کی فازمیزائل کے کامیاب تجربے پر قوم، مسلح افواج، سائنسدانوں کو مبارکباد

اسلام آباد (اے این این) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے مقامی طور پر تیار کردہ فضا سے فضا میں مار کرنے والے فازمیزائل کے کامیاب تجربے پر قوم، درمیان مشاورت اور رابطوں کا سلسلہ مزید مؤثر بنایا

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈیجیٹل ذرائع حق خودارادیت کی تحریکوں کو دبانے کیلئے استعمال کیے جارہے ہیں، پاکستان

اسلاموفوبیا، نسل پرستی اور غیر ملکیوں سے نفرت کے رجحانات کی روک تھام کیلئے عالمی سطح پر موثر اقدامات اور تعاون کی ضرورت، اے آئی شعبے میں شفاف عالمی نظامِ حکمرانی ناگزیر ہے

اقوام متحدہ شعبہ اطلاعات کثیر اللسانی نظام کے فروغ کیلئے مزید وسائل مختص کرے تاکہ اقوام متحدہ کی سرکاری زبانوں کے درمیان موجود فرق کو کم ہو، خطاب

نیویارک (اے این این) پاکستان نے عالمی ڈیجیٹل منظرنامے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ ٹیکنالوجی کی بڑی عالمی کمپنیاں جدید ٹیکنالوجی، سنسرشپ اور ڈیجیٹل نگرانی کو منظم انداز میں استعمال کرتے ہوئے حق خودارادیت کی جائز تحریکوں کو دبانے اور عوامی رائے کو اپنے مقاصد کے لئے متاثر کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں پاکستان کے پریس قونصلر امانت علی نے جنرل اسمبلی کی چوتھی کمیٹی برائے خصوصی سیاسی اور نوآبادیاتی امور میں اطلاعات سے متعلق امور کے جائزے کے آغاز پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیٹ کی بندش، سنسرشپ، ڈیجیٹل نگرانی اور ذرائع ابلاغ سے متعلق پابندیوں پر مبنی قوانین کے ذریعے جائز آوازوں کو دبایا، زمینی حقائق کو مسخ اور بنیادی حقوق و حق خودارادیت کی جدوجہد کو غیر معتبر بنانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ انہوں نے بڑھتے ہوئے

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

اقبال ڈے، تمام بینک مسلسل 3 دن بند رہیں گے

کراچی (جی این ایم) اقبال ڈے کے موقع پر اسٹیٹ بینک نے اعلان کرتے ہوئے کہا 7 نومبر سے 9 نومبر تک ملک بھر میں بینک بند رہیں گے۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے 9 نومبر) 2026 پیر (کو مفکرِ پاکستان اور شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبال کے یومِ ولادت کی مناسبت سے ملک بھر کے تمام بینکوں کے لیے باضابطہ عام تعطیل کا اعلان کردیا۔ مرکزی بینک کی جانب سے تمام تجارتی و مائیکرو فنانس بینکوں، ڈویلپمنٹ فنانس انسٹی ٹیوشنز اور صدور کو جاری کردہ مراسلے میں کہا ہے کہ 9 نومبر کو عوامی لین دین کے تمام احاطے اور بینکنگ سروسز بند رہیں گی۔ ہفتہ وار

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 2 پر)

ساجد ترین ایڈووکیٹ اور اسد قیصر کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ

جلد آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد پر اتفاق، تمام اپوزیشن جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کرنے کا عزم

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا، جس میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور اپوزیشن جماعتوں کے باہمی رابطوں سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماں نے جلد آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) کے انعقاد پر اتفاق کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام اپوزیشن جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد اور ساتھ لے کر چلنے کے لیے مشترکہ کوششیں کی جائیں گی۔ رہنماں نے اس بات پر بھی اتفاق کیا کہ اپوزیشن جماعتوں کے درمیان مشاورت اور رابطوں کا سلسلہ مزید مؤثر بنایا جائے گا تاکہ مشترکہ لائحہ عمل اختیار کیا جا سکے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر ساجد ترین ایڈووکیٹ اور پاکستان تحریک انصاف کے رہنما و سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا، جس میں ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال اور اپوزیشن جماعتوں کے باہمی رابطوں سمیت اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماں نے جلد آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) کے انعقاد پر اتفاق کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ تمام اپوزیشن جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد اور ساتھ لے کر چلنے کے لیے مشترکہ کوششیں کی جائیں گی۔ رہنماں نے اس

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

مولانا ہدایت الرحمان کو جواب دینا توہین سمجھتا ہوں، یونس عزیز زہری

محکمہ کھیل سے متعلق میرے تحفظات کی گورنر بلوچستان نے بھی توثیق کردی، اپوزیشن لیڈر اپنی توہین سمجھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مناسب موقع آنے پر ان کے دوست اس معاملے پر جواب دیں گے۔ محکمہ کھیل وثقافت سے متعلق اپنے تحفظات کا ذکر کرتے ہوئے اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ ان کے خدشات کو گورنر بلوچستان نے بھی تسلیم کیا ہے اور محکمہ کھیل کے حوالے سے گورنر کی جانب سے تحفظات کا اظہار اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ معاملے میں کچھ نہ کچھ ضرور ہے۔ میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ محکمہ کھیل وثقافت کے معاملات پر کوئی جواب نہیں دیں گے کیونکہ وہ انہیں جواب دینا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ وہ مولانا ہدایت الرحمان کی باتوں کا جواب دینا مناسب نہیں سمجھتے، وقت آنے پر ان کے دوست اس کا جواب دیں گے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ محکمہ کھیل وثقافت سے متعلق ان کے تحفظات اور خدشات کو گورنر بلوچستان نے بھی تسلیم کیا ہے۔ ایک انٹرویو کے تیسرے حصے میں گفتگو کرتے ہوئے میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ وہ مولانا ہدایت الرحمان کے بیان پر کوئی جواب نہیں دیں گے کیونکہ وہ انہیں جواب دینا



اسلام آباد، پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام اور انٹرنیشنل کالج آف ایکسی لینس پاکستان کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے جارہے ہیں

کرپشن ہمارے معاشرہ کا سب سے بڑا مسئلہ ہے، خواجہ آصف

چوہدری سالک کا پنجاب میں کرپشن سے متعلق بیان میری سمجھ سے باہر ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے اتحادی جماعت پاکستان مسلم لیگ (ق) کے رہنما اور وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کی جانب سے پنجاب میں کرپشن کے حوالے سے عائد کیے الزامات پر ردعمل میں کہا ہے کہ ان کا بیان میری سیاسی سمجھ سے باہر ہے لیکن اگر یہ مستقبل کے کسی سیاسی ایجنڈے کا حصہ ہے تو سمجھ میں آتا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ چوہدری سالک میرے لیے بہت محترم ہیں، ان کے بزرگوں کا مجھے اپنے بزرگوں جیسا احترام ہے لیکن؟ ان کا پنجاب میں کرپشن سے متعلق بیان میری ناقص سیاسی سمجھ سے باہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن ہمارے معاشرہ کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور یہ تمام مرکزی اور صوبائی سیاسی قیادت کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ ملک کو اس لعنت سے پاک کیا جائے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ چوہدری صاحب ماشا اللہ مرکزی اور صوبائی دونوں حکومتوں کا حصہ ہیں، دونوں حکومتوں کی قیادت پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پاس ہے،

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

سوراب، ریسکیو سینٹر 1122 گدر سے نامعلوم مسلح افراد ایمبولینس چھین کر فرار، پولیس بے بس

اہلکاروں سے اسلحہ واپس لینا انتظامی نااہلی ہے، عوامی تحفظ پر مامور فورس خود غیر محفوظ ہوچکی، شدید تشویش کا اظہار

سوراب (یو این اے) ضلع سوراب میں امن وامان کی ابتر صورتحال اور پولیس کی مبینہ غفلت کا افسوسناک واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں نامعلوم مسلح افراد پولیس اہلکاروں کی موجودگی میں ریسکیو سینٹر 1122 گدر سے ایمبولینس لے اڑے۔ اطلاعات کے مطابق ریسکیو سینٹر 1122 گدر پر تعینات پولیس اہلکار ریسکیو رٹی ڈیوٹی پر موجود تھے، تاہم سرکاری اسلحہ نہ ہونے کے باعث وہ مسلح افراد کے سامنے بے بسی کی تصویر بنے رہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ متعلقہ انتظامیہ نے امن وامان کی صورتحال کا بہانہ بنا کر گزشتہ ایک سال سے متعدد پولیس اہلکاروں سے سرکاری اسلحہ واپس لے کر تھانوں میں جمع کر رکھا ہے، جس کی وجہ سے اہلکار بغیر اسلحے کے خطرناک پوائنٹس پر ڈیوٹی دینے پر مجبور ہیں۔ اس واقعے پر عوامی حلقوں نے شدید تشویش اور غصے کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ اگر عوام کی محافظ فورس خود غیر محفوظ اور بغیر اسلحے کے ہوگی تو شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کا ذمہ دار کون ہے؟ 1122 جیسا انسانی خدمات کا اہم ادارہ پولیس اور انتظامی

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

افغانستان میں طالبان رجیم مخالف گروہوں کی مسلح کارروائیاں تیز، مزید حملوں کے دعوے

کابل (اے این این) افغانستان کے مختلف صوبوں میں طالبان رجیم مخالف مسلح گروہوں کی کارروائیوں میں تیزی آنے کے دعوے سامنے آئے ہیں۔ زاحمتی گروپوں نے متعدد حملوں کی تفصیلات جاری کردیں۔ افغان طالبان رجیم کے دور میں ملکی سیکیورٹی صورت حال ابتر ہونے اور اعلیٰ حکام کے قافلوں سمیت حفاظتی چوکیوں پر مسلسل حملوں کی اطلاعات ہیں۔ افغان رجیم مخالف مزاحمتی گروپوں نیشنل انڈیپنڈنس فرنٹ اور افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 2 پر)

بلوچستان میں امن کی بحالی کے لیے مائنس سرفراز بگٹی ناگزیر، عبدالرحمٰن کھیتران

بلوچستان کے حالات خیبر پختونخوا سے بھی بدتر، وزیر اعظم اور مقتدرہ قوتیں صوبے کی صورتحال کا نوٹس لیں

وزیر اعلیٰ کو ہٹا کر تمام قدآور سیاسی و قبائلی شخصیات کو ایک میز پر بٹھا سکتے ہیں، جرگہ بلانے کے لیے تیار ہوں، سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن وامان کی بحالی کے لیے موجودہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کو عہدے سے ہٹانا ناگزیر ہوچکا ہے۔ ان کے بقول موجودہ صوبائی حکومت 100 فیصد ناکام ہوچکی ہے اور وزیر اعلیٰ صرف گفتار کے غازی ہیں، جبکہ صوبے کے حالات خیبر پختونخوا سے بھی بدتر ہوچکے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعظم پاکستان اور مقتدرہ قوتوں سے اپیل کی کہ بلوچستان کی صورتحال کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، وہ خود جرگہ بلانے اور تمام قدآور سیاسی و قبائلی شخصیات کو ایک میز پر لانے کے لیے تیار ہیں، تاہم اس عمل کے لیے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا عہدے پر موجود نہ ہونا ضروری ہے۔ ایک انٹرویو میں سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہوچکی ہے۔ خان آف قلات کے فرزند کو قومی شاہراہ این 25

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

زوب، محکمہ زراعت کے زیر اہتمام گندم کی پیداواری ٹیکنالوجی پر تربیتی ورکشاپ

ملکی غذائی تحفظ کے لیے گندم کی کاشت فروغ دینا ضروری، تصدیق شدہ بیج اور بروقت کاشت یقینی بنائیں، ماہرین زراعت

زوب (یو این اے) محکمہ زراعت کے زیر اہتمام ایگریکلچر ان سروس ٹریننگ اکیڈمی کے تحت گندم کی پیداواری ٹیکنالوجی کے موضوع پر تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں محکمہ زراعت کے آفیسران اور زمینداروں نے شرکت کی ڈائریکٹر ہیڈ کوارٹر بلوچستان کوئٹہ محمد انور دوتانی زراعت آفیسر ڈاکٹر محمد ثاقب ڈپٹی ڈائریکٹر محمد اقبال ترین وزراعت آفیسر احمد خان ان سروس ٹریننگ بلوچستان کوئٹہ ڈپٹی ڈائریکٹرز زوب کامران اسحاق اینڈ جمال خان مندوخیل اور ریسرچ آفیسران عبدالغفار ڈاکٹر عبد العلیم اور دیگر نے زمینداروں اور کاشتکاروں کو گندم کی اہمیت، ضرورت اور جدید طریقہ کاشت کے حوالے سے تربیت فراہم کی اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ گندم پاکستان کی بنیادی غذائی ضرورت ہے، جو نہ صرف انسانوں بلکہ حیوانات کی خوراک کا بھی اہم ذریعہ ہے۔ گندم محض ایک فصل نہیں بلکہ ملکی غذائی تحفظ، معیشت اور روزگار سے بھی وابستہ ہے۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہونے کے باوجود ہر سال گندم درآمد کرنے پر مجبور ہے، جس